
# پراسپیکٹس

GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN
GACW
RENALA KHURD




## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین

رینالہ خورد

Ph: 044-2635155

CS CamScanner

# تعارف

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رینالہ خورد عظیم روایات اوراچھے نتائج کا حامل ادارہ مسلم ٹاؤن شیر گڑھ روڈ رینالہ خورد پر واقع ہے۔ 10 اگست 2003ء میں اس کالج کا افتتاح اُس وقت کے وزیر اعلیٰ صاحب نے کیا کالج ہذا میں ایف اے، ایف ایس سی/ADP (سمیسٹر سسٹم) کی کلاسز کا اجراء کیا گیا ہے۔

کالج ہذا کی پرنسپل اور انتظامیہ کی طرف سے چند احسن اقدامات کیے گئے ہیں جن میں طالبات کے والدین تک امتحانات کے نتائج کو پہنچانا، والدین اور اساتذہ کے درمیان ماہانہ میٹنگ کے ذریعے تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ کالج نے اپنی بہتر کارکردگی کو برقرار رکھنے کیلئے (Pre Classes) کا بھی آغاز کیا ہوا ہے۔

یہاں کا ماحول اسلامی اور باپردہ ہے بچیوں کو اجازت کے بغیر باہر جانے کی ہرگز اجازت نہیں ہے بچیوں کی تربیت کے لیے آپ کا تعاون میرا اثاثہ ہے کوئی مسئلہ، تجویز یا شکایت ہو تو والدین فون نمبر 044-2635155 پر رابطہ کریں۔

پرنسپل: مسز سعدیہ سرور

CamScanner

## تعارف اساتذہ کرام

| | |
|---|---|
| **پرنسپل :** | **محترمہ مسز سعدیہ سرور صاحبہ** (ایم فِل) |
| **وائس پرنسپل :** | **مسز صائمہ پروین صاحبہ** (ایم اے) |
| **شعبہ اُردو :** | ☆ مسز صائمہ پروین صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم اے) |
| | ☆ مسز ساجدہ نیئر صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فِل) |
| | ☆ مسز وحیدہ سلیم صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فِل) |
| **شعبہ انگریزی:** | ☆ مسز حافظہ نائلہ فاطمہ صاحبہ، لیکچرار (ایم فِل) |
| | ☆ مس سائرہ زریں صاحبہ، لیکچرار (ایم اے) |
| **شعبہ اسلامیات:** | ☆ مسز میمونہ کوثر صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فِل) |
| | ☆ مس حافظہ سونیا امجد صاحبہ، لیکچرار (ایم فِل) |
| **شعبہ کمپیوٹر سائنس :** | ☆ سی۔ٹی۔آئی |
| **شعبہ فیزیکل ایجوکیشن :** | ☆ مسز نوشابہ حسن صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم اے) |
| **شعبہ اکنامکس :** | ☆ سی۔ٹی۔آئی |
| **شعبہ ایجوکیشن :** | ☆ مس حرا اسلم صاحبہ، لیکچرار (ایم فِل) |
| **شعبہ عربی :** | ☆ مسز حافظہ رحمت بی بی صاحبہ، لیکچرار (ایم اے) |
| **شعبہ سٹیٹ :** | ☆ سی۔ٹی۔آئی |
| **شعبہ پولیٹیکل سائنس :** | ☆ مسز بشریٰ قمر صاحبہ، لیکچرار (ایم فِل) |
| **شعبہ تاریخ مطالعہ پاکستان:** | ☆ مسز ثمینہ ناز، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فِل) |
| **شعبہ فزکس :** | ☆ سی۔ٹی۔آئی |
| **شعبہ ریاضی :** | ☆ مسز حفصہ امجد صاحبہ، لیکچرار (ایم۔ایس۔سی) |
| | ☆ مسز خدیجہ مقصود صاحبہ، لیکچرار (ایم فِل) |
| **شعبہ کیمیا:** | ☆ مسز سعدیہ سرور صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فِل) |

CamScanner

**شعبہ بیالوجی /حیاتیات :** ☆ مسز اقراء اعجاز صاحبہ، لیکچرار (ایم فل)

**لائبریری سائنس :** ☆ مسز خالدہ عباس صاحبہ، لائبریرین (ایم ایل آئی ایس)

**غیر تدریسی سٹاف :** ☆ رائے محمد اشفاق صاحب، ہیڈ کلرک ☆ فرحان محمود صاحب، سینئر کلرک

☆ مشرف علی صاحب، سینئر کلرک ☆ عمر فاروق صاحب، جونیئر کلرک ☆ شہباز حسین صاحب، جونیئر کلرک

☆ گل بشریٰ صاحبہ، لائبریری کلرک ☆ سمیرا یوسف صاحبہ، کیئر ٹیکر ☆ سرور علی صاحب، واٹر مین

☆ اکبر علی صاحب، نائب قاصد ☆ جمیل حیدر صاحب، چوکیدار ☆ معاذ یونس صاحب، چوکیدار

☆ طلحہٰ سانول صاحب، مالی ☆ سجاد احمد صاحب، چوکیدار ☆ ارشد مسیح صاحب، خاکروب ☆ شہزادہ مسیح صاحب، خاکروب

**لیبارٹری سٹاف:** ☆ رائے مظہر اقبال صاحب، لیب سپروائزر (ایم فل)

☆ طارق جاوید صاحب، سینئر لیکچرار اسسٹنٹ

☆ مسز رُشدہ رزاق صاحبہ، سینئر لیکچرار اسسٹنٹ ☆ مس عشرت فاطمہ صاحبہ، جونیئر لیکچرار اسسٹنٹ

☆ مسز سحرش ستار صاحبہ، لیب اٹینڈنٹ ☆ شوکت علی ندیم صاحب، لیب اٹینڈنٹ

☆ وسیم اختر صاحب، لیب اٹینڈنٹ ☆ محمد افنان صاحب، لیب اٹینڈنٹ

**تعلیمی دورانیہ :** کالج ہذا میں انٹرمیڈیٹ کی کلاسز کیلئے تعلیمی دورانیہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سکینڈری ایجوکیشن ساہیوال اور ایسوسی ایٹ کلاسز کیلئے پنجاب یونیورسٹی ترتیب دیتی ہے۔ عموماً یہ دورانیہ اگست کے وسط سے شروع ہو کر مئی تک جاری رہتا ہے۔

**کالج داخلہ پالیسی :** انٹرمیڈیٹ سال اول اور ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام پہلے سمیسٹر میں داخلہ وزارتِ تعلیم حکومت پنجاب کے اصولوں کے مطابق دیا جاتا ہے۔ کالج میں داخلہ حاصل کرنے کیلئے داخلہ کے وقت طالبات کیلئے متعلقہ دستاویزات جمع کروانا ضروری ہیں۔

CS CamScanner

## انٹرمیڈیٹ اور ایسوسی ایٹ کلاسز میں داخلہ کا طریقہ کار:

☆ داخلہ فارم پراسپیکٹس کے ہمراہ داخلے کی تاریخ شروع ہوتے ہی کالج ہذا کے آفس سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

☆ داخلہ فارم مکمل پُر کر کے کالج ہذا کے کلرک آفس میں جمع کروایا جائے۔ کالج داخلہ فارم جمع کرنے پر ایک عدد رسید اُمیدوار طالبہ کو فراہم کرے گا۔ ☆ انٹرویو کی تاریخ کالج ہذا کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ داخلہ کیلئے کامیاب / منتخب شدہ امیدواروں کی فہرست نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ منتخب شدہ اُمیدوار مقرر وقت پر کالج واجبات ادا کر کے کالج میں داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ ☆ جو اُمیدواران مقررہ وقت پر اپنے واجبات ادا نہیں کریں گے وہ داخلہ کے مستحق نہیں رہیں گے۔

## داخلہ فارم کے همراہ درج ذیل دستاویزات جمع کروانی ضروری هیں:

☆ میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی تین مصدقہ نقول ☆ ایف۔اے / ایف۔ایس۔سی کے رزلٹ کارڈ کی تین مصدقہ نقول

☆ کیریکٹر سرٹیفیکیٹ کی ایک مصدقہ نقل ☆ N.O.C (ایک بورڈ سے دوسرے بورڈ ہجرت کی صورت میں)

☆ کرونا وائرس ویکسی نیشن کا سرٹیفیکیٹ ☆ ہیلتھ پر فورما تحصیل ہیڈ کوارٹر سے تصدیق شدہ

☆ 1.5x1.5 کی تین تصاویر غیر مصدقہ (انٹر کلاسز کی سفید پس منظر میں، ایسوسی ایٹ کلاسز کی نیلے پس منظر میں)

☆ والد کے پاکستانی قومیت کے حامل شناختی کارڈ کی تین مصدقہ نقول ☆ طالب علم / اُمیدوار کے (ب) فارم کی نقول دو عدد

**انتباہ:** جعلی دستاویزات جمع کروانے پر داخلہ خارج ہو جائے گا۔ مزید براں جعل سازی کا کیس بھی اُمیدوار کے خلاف کیا جائے گا۔

## کالج یونیفارم:

تمام طالبات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مکمل یونیفارم میں کالج آئیں۔

1۔ سفید رنگ کی شلوار قمیض، پوری آستین والا، کالر والا، دوپٹہ کا رنگ کالج انتظامیہ کلاسز شروع ہونے سے پہلے مطلع کرے گی۔

2۔ سیاہ رنگ کے جوتے بغیر ایڑی کے، سیاہ رنگ کی جرابیں۔ 3۔ سیاہ جرسی، سردیوں میں سفید سکارف

4۔ کسی بھی قسم کا آرائشی زیور کالج میں پہننا منع ہے۔

CS CamScanner

## مضامین اور اُن کی تدریس کا لائحہ عمل:

ساہیوال بورڈ اور پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے تجویز کردہ سلیبس کے مطابق مضامین اور اُن کی تدریس کا لائحہ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

انٹرمیڈیٹ: انٹرمیڈیٹ کے امتحانات دو مرحلوں پر مشتمل ہیں۔ سال اول میں سات پرچہ جات جن میں سے پانچ پرچہ جات **100** نمبروں پر مشتمل ہیں جبکہ اسلامیات لازمی اور ترجمۃ القرآن کا پرچہ **50** نمبروں پر مشتمل ہے۔

سال دوم میں سات پرچہ جات ہیں جن میں سے پانچ پرچہ جات **100** نمبر کے ہیں جبکہ مطالعہ پاکستان اور ترجمۃ القرآن کا پرچہ **50** نمبر پر مشتمل ہے۔

## طریقہ انتخاب مضمون ایف اے /ایف ایس سی /آئی سی ایس:

**پری میڈیکل گروپ :** فزکس کیمسٹری بیالوجی

**پری انجینئر نگ گروپ:** فزکس کیمسٹری ریاضی

**نوٹ :** میٹرک میں **60%** سے کم نمبرز حاصل کرنے والی طالبات میڈیکل میں داخلہ کے اہل نہیں ہوں گی۔

**آئی سی ایس گروپ :**

| | | |
|---|---|---|
| کمپیوٹر سائنس | فزکس | ریاضی |
| کمپیوٹر سائنس | اکنامکس | ریاضی |
| اکنامکس | سٹیٹ | ریاضی |

**ایف اے آرٹس گروپس :** (درج ذیل گروپس میں سے کسی ایک گروپ کا انتخاب کرنا ہوگا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| گروپ نمبر 1: | اسلامیات | اکنامکس | کمپیوٹر |
| گروپ نمبر 2: | لائبریری سائنس | سوکس | اردو ایڈونس |
| گروپ نمبر 3: | لائبریری سائنس | کمپیوٹر سائنس | عربی |
| گروپ نمبر 4: | اسلامیات اختیاری | سوکس | اردو ایڈونس |
| گروپ نمبر 5: | لائبریری سائنس | فزیکل ایجوکیشن | اکنامکس |
| گروپ نمبر 6: | لائبریری سائنس | سوکس | تاریخ |

CS CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| گروپ نمبر 7: | لائبریری سائنس | فزیکل ایجوکیشن | تاریخ |
| گروپ نمبر 8: | ایجوکیشن | سوکس | اردو ایڈوانس |
| گروپ نمبر 9: | اسلامیات اختیاری | فزیکل ایجوکیشن | اردو ایڈوانس |
| گروپ نمبر 10: | لائبریری سائنس | فزیکل ایجوکیشن | اردو ایڈوانس |
| گروپ نمبر 11: | اسلامیات | عربی | سوکس |
| گروپ نمبر 12: | تاریخ اسلام | اسلامیات | فزیکل ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 13: | اسلامیات | اکنامکس | فزیکل ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 14: | ایجوکیشن | تاریخ اسلام | سوکس |
| گروپ نمبر 15: | ایجوکیشن | تاریخ اسلام | کمپیوٹر سائنس |
| گروپ نمبر 16: | عربی | فزیکل ایجوکیشن | ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 17: | سوکس | عربی | ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 18: | ایجوکیشن | اکنامکس | کمپیوٹر سائنس |
| گروپ نمبر 19: | تاریخ اسلام | ایجوکیشن | فزیکل ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 20: | سوکس | اکنامکس | ایجوکیشن |
| گروپ نمبر 21: | ایجوکیشن | عربی | کمپیوٹر |

## طریقه انتخاب مضمون ADP(سمیسٹر سسٹم) :

ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام ADP (سمیسٹر سسٹم) کا کالج میں باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔

درج ذیل پروگرام میں خواہشمند طالبات داخلہ لے سکتی ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| پروگرام نمبر 1: | اسلامک اسٹڈیز | پروگرام نمبر 2: | اردو |
| پروگرام نمبر 3: | کمپیوٹر سائنس | پروگرام نمبر 4: | پولیٹیکل سائنس |
| پروگرام نمبر 5: | ہسٹری | پروگرام نمبر 6: | انگلش |

CamScanner




**Teaching Faculty**



**Ministerial Staff with Principal & Vice Principal**

CamScanner








یومِ اقبال

















پنجابی رہتل دھاڑ










Annual Sports Day










Defence Day




## Parent Teacher Meeting



## Rescue 1122 Traning, Tree Plantation



## Science Exhibition

## طالبات کیلئے ضابطہ اخلاق :

طالبات ومندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق کی پابندی لازمی ہے:

☆ طالبات اپنے باہمی مسائل کے حل کیلئے کسی بھی غیر اخلاقی اور متنازع سرگرمی سے باز رہیں گی۔☆ تمام طالبات امتحانات میں نقل اور دوسرے ناجائز ذرائع کے استعمال سے اجتناب کریں گی۔☆ کالج انتظامیہ کی طرف سے ممنوعہ کسی بھی قسم کی سرگرمی مین حصہ نہیں لیں گی۔☆ طالبات اچھے اخلاق واقدار اور بہترین کردار کا مظاہرہ کریں گی۔

☆ کالج کی حدود میں طالبات کیلئے موبائل فون کا استعمال مکمل طور پر منع ہے بصورت دیگر موبائل فون ضبط کرلیا جائے گا۔

**نوٹ :** اگر کوئی طالبہ کسی غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث پائی گئی جو کالج ہذا کے مفاد میں نہ ہو تو اسے معطل یا خارج کیا جاسکتا ہے۔

طالبات کی ہمہ جہت تربیت کیلئے ہم نصابی مقابلہ جات، تقاریب، سیمینار اور مطالعاتی دورے کروائے جاتے ہیں۔

## فیس میں رعایت اور وظائف :

☆ داخلہ ہونے کے بعد فیس میں رعایت کیلئے درخواستیں وصول کی جائیں گی۔ ☆ کالج کی فیس معافی کمیٹی کی سفارش پر صرف ٹیوشن فیس میں رعایت دی جاتی ہے۔ باقی تمام فنڈز طالبہ کر پورے ادا کرنے ہوں گے۔ ☆ فیس معافی کی درخواست پر والد / سرپرست کے دستخط اور علاقہ کونسلر کی تصدیق ضروری ہے۔ ☆ یونیورسٹی اور بورڈ کی طرف سے طلبہ کو وظائف بھی دیے جاتے ہیں، علاوہ ازیں زکوٰۃ کی مد میں بھی مستحق طلبہ وظائف حاصل کرسکتے ہیں۔

## حاضریوں کے قواعد :

☆ پروفیسر صاحبان کے دیے ہوئے کل لیکچرز میں سے کم از کم **75%** لیکچرز میں حاضر ہونا ضروری ہے۔

☆ پریکٹیکل کے پیریڈز میں بھی **75%** حاضریاں لازمی ہیں۔ ☆ کسی ایک یا ایک سے زیادہ مضامین میں **75%** حاضریاں نہ ہونے کی صورت میں بورڈ / یونیورسٹی قواعد کے مطابق طالبہ بورڈ / یونیورسٹی کے امتحانات میں شرکت کی

اہل نہ ہوگی۔ ☆اگر طلبہ کسی ایک مضمون میں ایک ماہ کے اندر بغیر اجازت کے متواتر یا وقفے کے ساتھ (10) غیر حاضریاں کرے گی تو اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔ ☆کالج میں دوبارہ داخلہ والد/سرپرست کی یقین دہانی پر -/500 روپے داخلہ فیس جمع کروانے پر ہوسکتا ہے۔ ☆اگر دوبارہ نام خارج ہوا تو کسی صورت داخلہ نہ ہوگا۔

## رخصت کے قواعد:

☆رخصت حاصل کرنے کیلئے درخواست پر والد/سرپرست کے دستخط ہونا لازمی ہیں۔ ☆تین دن کی رخصت متعلقہ استاد کو دیں گے۔ ☆ایک ہفتہ سے زائد رخصت متعلقہ استاد کی سفارش کی منظوری کے بعد مل سکے گی۔
☆بیماری کی بنیاد پر رخصت حاصل کرنے کیلئے سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر کا میڈیکل سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ لف کرنا لازمی ہے۔

## جرمانے: (غیر حاضری پر جرمانہ)

☆پورے دن کی غیر حاضری پر جرمانہ 20 روپے جبکہ پیریڈ میں غیر حاضری پر جرمانہ 10 روپے فی پیریڈ ہوگا۔
☆پریکٹیکل سے غیر حاضری پر 20 روپے فی پیریڈ جرمانہ ہوگا۔
خصوصی جرمانہ: درج ذیل صورتوں میں طالبات کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔
☆کالج کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنا۔ ☆نظم وضبط میں خلل ڈالنا۔ ☆امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرنا۔

**نوٹ:** کلاس چھوڑنے کی صورت میں طالبات کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا نیز دوبارہ کلاس چھوڑنے کی صورت میں طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔
مندرجہ بالا صورتوں میں پرنسپل کو نام خارج کرنے اور خصوصی جرمانہ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ ہر نوع کا جرمانہ چالان فارم کالج ہذا کے دفتر سے لے کر متعلقہ بینک میں جمع کروانا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں طالبہ کا نام خارج کر دیا جائے گا۔

CamScanner

## امتحانات:

☆ دوسالہ تعلیمی مدت کے دوران عام حالات میں انٹرمیڈیٹ کے دواوراے۔ڈی۔پی کے چار وسط مدتی امتحانات لیے جاتے ہیں۔ ان امتحانات میں تمام طالبات کی شرکت لازمی ہے کیونکہ بورڈ/یونیورسٹی کے امتحانات کیلئے طالبہ کا داخلہ اس وقت تک نہیں بھیجا جاسکتا جب تک وہ داخلی امتحان میں شرکت کر کے تسلی بخش کارکردگی نہ دکھائے۔ ☆ بورڈ کو گریڈز بھیجنے کیلئے دوسالہ تعلیمی مدت کے دوران انٹرمیڈیٹ کی طالبات کو ماہانہ ٹیسٹ اور دسمبر ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہوں گے۔
☆ مسلسل دوماہ ٹیسٹ نہ دینے یا پاس نہ ہونے کی صورت میں طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

## کالج شناختی کارڈ:

☆ پہلی بار کالج کارڈ جاری کرنے پر داخلہ کے وقت طالبہ سے -/50 روپے وصول کیے جاتے ہیں۔
☆ گمشدگی کی صورت میں -/100 روپے کی ادائیگی پر نیا کارڈ جاری کیا جائے گا۔ ☆ طالبات کیلئے ضروری ہے کہ وہ کالج کیمپس میں کارڈ اپنے ہمراہ رکھیں۔ ☆ پراکٹوریل بورڈ کا کوئی بھی ممبر کالج کارڈ چیک کرسکتا ہے، کارڈ نہ ہونے کی صورت میں خصوصی جرمانہ کیا جائے گا۔

## لائبریری:

کالج میں طالبات کے ذوق کی تسکین کیلئے مختلف کتب سے آراستہ ایک خوبصورت لائبریری موجود ہے۔ جہاں اخبارت، ادبی رسائل اور نصاب سے متعلق کتب بھی مطالعہ کیلئے موجود ہیں۔ کتب کی حفاظت طالبہ کی اہم ذمہ داری ہے یاد رکھیں:

☆ لائبریری کے اوقات کالج اوقات کار کے مطابق ہیں۔ ☆ لائبریری کارڈ کے اجراء کیلئے داخلہ کی رسید ہمراہ لائیں۔ ☆ لائبریری کارڈ کے بغیر کتب جاری نہیں ہوں گی۔ ☆ کتب 14 دن کیلئے جاری کی جاتی ہیں 14 دن کے بعد کتب واپس نہ کرنے کی صورت میں دس روپیہ یومیہ فی کتاب جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ ☆ کتب کو مسخ کرنے یا پھاڑنے پر خصوصی جرمانہ ہوگا۔ ☆ حوالہ جاتی کتب سے صرف لائبریری میں بیٹھ کر استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ ☆ کتاب گم ہونے کی صورت میں تین گنا قیمت ادا کرنا ہوگی۔ ☆ موسم گرما کی تعطیلات سے قبل کتب واپس کرنا ضروری ہے۔ ☆ تعطیلات کے

CamScanner

دوران کتب جاری نہیں ہوتیں۔ ☆لائبریری سیکورٹی سے زائد قیمت کی کتب صرف پروفیسر صاحبان کی سفارش پر جاری کی جائیں گی۔ ☆ایک نام پر جاری ہونے والی کتب واپسی کے بغیر کسی دوسرے نام پر منتقل نہیں کی جائیں گی۔

## علمی و ادبی مجالس:

کالج میں طالبات کی ذہنی و اخلاقی صلاحیتوں کی نشو ونما کیلئے مختلف علمی و ادبی مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ان میں سائنس سوسائٹی، اُردو سوسائٹی، تاریخ، پولیٹیکل سائنس اور مجلس علوم اسلامیہ قابل ذکر ہیں۔ان سے عہدیداران جمہوری انداز میں منتخب ہو کر اپنے انچارج اساتذہ کرام کی سرپرستی میں علمی و ادبی سرگرمیوں کا اہتمام کرتے ہیں۔

## تفریحی و مطالعاتی دورہ :

طلبہ کی سیرت و کردار کی تعمیر اور ذہنی و جسمانی صلاحیتوں کو نکھارنے کے پیش نظر ہر سال تفریحی و مطالعاتی دوروں کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے تاکہ طلبہ صرف کتابی کیڑے نہ بن کر رہ جائیں بلکہ حیات و فطرت کا مشاہدہ مطالعہ کر کے اپنی صلاحیتوں کو جلا بخش سکیں۔

## بک بینک :

کالج انتظامیہ نے مستحق طالبات کیلئے بک بینک کا آغاز کیا ہے۔ مستحق طالبات اپنی مطلوبہ کتب بک بینک سے حاصل کر سکتی ہیں۔

## نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کے انعامات :

طالبات کو نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں میں امتیازی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر تعریفی اسناد، اعزازی شیلڈز اور انعامات سے نوازا جاتا ہے۔

# سو سائٹیز کا قیام

کالج ہذا میں درج ذیل سوسائٹیز مختلف کام سرانجام دے رہی ہیں:

1۔ اردو سوسائٹی : مسز صائمہ پروین، مسز ساجدہ نیر، مسز وحیدہ سلیم

2۔اسلامک سوسائٹی: مسز میمونہ کوثر، مس سونیا امجد، مسز رحمت بی بی

3۔ ڈرامیٹک سوسائٹی : مسز وحیدہ سلیم، مسز رحمت بی بی، مس سائرہ زرین

4۔انگلش سوسائٹی : مسز نائلہ فاطمہ، مس سائرہ زرین

5۔نظریہ پاکستان سو سائٹی : مسز ثمینہ ناز، مسز بشریٰ قمر

6۔ ویلفیئر سو سائٹی: مسز ثمینہ ناز، مسز بشریٰ قمر

☆ ☆ ☆ ☆

CamScanner

# داخلہ کے واجبات

ایف اے، ایف ایس سی، ADP پہلے سمیسٹر کی کلاسز میں داخلہ حاصل کرنے والی طالبات کیلئے واجبات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

| واجبات | ایف اے/ایف ایس سی | واجبات | ADP |
|---|---|---|---|
| ایڈمیشن فیس | 80/65روپے | ایڈمیشن فیس | 175/225روپے |
| ٹیوشن فیس | 600روپے | ٹیوشن فیس | 720روپے |
| جنرل فنڈ | 50روپے | جنرل فنڈ | 50روپے |
| ہلال احمر فنڈ | 60روپے | ہلال احمر فنڈ | 60روپے |
| میڈیکل فنڈ | 50روپے | میڈیکل فنڈ | 50روپے |
| میگزین فنڈ | 120روپے | میگزین فنڈ | 120روپے |
| ویلفیئر فنڈ | 50روپے | ویلفیئر فنڈ | 50روپے |
| سائنس فنڈ | 60روپے | سائنس فنڈ | 120روپے |
| رجسٹریشن فیس | | رجسٹریشن فیس | |
| کمپیوٹر فیس | 300روپے | کمپیوٹر فیس | 400روپے |
| لائبریری سیکورٹی فنڈ | 500روپے | لائبریری سیکورٹی فنڈ | 500روپے |
| برقہ فنڈ | 100روپے | برقہ فنڈ | 100روپے |
| سپورٹس فنڈ | 180روپے | سپورٹس فنڈ | 180روپے |
| I.D کارڈ فنڈ | 50روپے | I.D کارڈ فنڈ | 50روپے |
| امتحانی فنڈ | 180روپے | امتحانی فنڈ | 180روپے |
| بورڈ الحاق فنڈ | 240روپے | بورڈ الحاق فنڈ | 360روپے |

**نوٹ :** رجسٹریشن فیس ساہیوال بورڈ اور پنجاب یونیورسٹی کے قواعد وضوابط کے مطابق وصول کی جائے گی۔

CamScanner

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN RENALA KHURD

For Office Use Only

Form No. ____________ Roll No. ____________

Application of Admission for Class F.A / F.Sc / ICS ☐ ADP ☐

Session ____________ COVID-19 Vaccine Code ____________

Name ____________ D/O ____________

Student N.I.C # ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

Father N.I.C # ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

Date of Birth ____________ Age | Year | Month | Days | Female / Transgender

Father's Occupation and Monthly Income ____________

Phone # ____________ Whatsapp # ____________ Religion ____________ Orphan: Yes / No

Permanent Address ____________

____________

Teacher Daughter ____________ Yes / No Hafiza Quran ____________ Yes / No

| Results of Examination | Year | Roll No | Reg No | Board / University | Obtain Marks | Div | G | Subject |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Secondary School Arts / Science | | | | | | | | |
| F.A / F.Sc | | | | | | | | |

1. Name of School, you passed your matric ____________
2. Name of College, you passed your F.A / F.Sc ____________
3. The Subject, you passed in F.A / F.Sc ____________
4. What are the Games do you want to play ____________
5. Subject ____________

**It is declared that my daughter will abide by all principal of the College. She will also abide by the all authorities of the principal she will not take part in any political activity during her session.**

Signature of Candidate ____________ Signature of Father / Guardian ____________

Admission Committee ____________ Principal ____________

Date of Admission ____________

**For Office Use**

Name: ____________ D/O: ____________

File: ____________ Date: ____________

Signature of Admission Clerk: ____________

CS CamScanner

# GENERAL HEALTH PROFILING OF STUDENTS

# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN RENALA KHURD

## 1. Personal Information

| | | |
|---|---|---|
| i | Roll No | |
| ii | Name | |
| iii | Father Name | |
| iv | CNIC/B Form Number | |
| v | Gender | |
| vi | Age & Date of Birth | |
| vii | Class | |
| viii | Contact Number of Parents | |

## 2. Basic Medical History

| | | |
|---|---|---|
| i | Overall General Physical Health on Appearance | |
| ii | Height | |
| iii | Weight | |
| iv | Blood Group | |
| v | Blood Pressure | |
| vi | Temperature | |
| vii | Pulse Rate | |

## 3. General Mental Health

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | History of smoking / any other Substance / drug abuse | Yes / No | |
| ii | Habit of rubbing away / bunking Routine classes | Yes / No | |
| iii | Social media post / other pointers of interest towards substances / drug abuse e.g. tattoos, stickers on vehicle / books etc. | Yes / No | |
| iv | A decline in academic performance / physical activity | Yes / No | |

**Stamp and Signature of Principal** ____________________

**Stamp and Signature of Medical Officer / Health Officer** ____________________

CamScanner

# PROSPECTUS

GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN
GACW
RENALA KHURD









# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN

## Renala Khurd

Ph: 044-2635155
E-mail: gcwrenala@gmail.com

CamScanner